# NYC Kids RISE کا کالج کے لیے بچت پروگرام
# شرکت کی حالت میں تبدیلی کی معلومات اور فارم

## کالج کے لیے بچت پروگرام کے بارے میں

NYC محکمۂ تعلیم (NYC Department of Education, "DOE") نے NYC Kids RISE کے کالج کے لیے بچت پروگرام (Save for College Program) ("پروگرام") کے تعلق سے غیر منفعتی .NYC Kids RISE, Inc کے ساتھ شراکت کی ہے۔ یہ پروگرام اہل قرار پانے والے طلبہ کو اہل قرار یافتہ کالج اور کیریئر کی تربیت کی لاگتوں کے لیے پیسہ فراہم کرتا ہے۔ NYC Kids RISE ہر طالب علم کے نام سے ایک مفت اکاؤنٹ ("NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account)") کھولے گا اور اہل قرار یافتہ کالج اور کیریئر کی تربیت کی لاگتوں کے مدنظر پروگرام کے اکاؤنٹ میں ہر طالب علم کے لیے 100$ مختص کرے گا۔ فنڈنگ کی شرط سے، سٹی آف نیو یارک اور DOE اس سال پروگرام کی توسیع کر رہے ہیں اور آپ کے بچے کا اسکول شامل کیا جائے گا۔ مزید معلومات کے لیے، http://nyckidsrise.org/ ملاحظہ کریں۔

## میرے اختیارات کیا ہیں؟

آپ کے اہل طالب علم کی شرکت کو دیکھنے اور اپ ڈیٹ کرنے کا آسان ترین طریقہ یہ ہے کہ اپنا NYC اسکولز اکاؤنٹ (NYC Schools Account) ملاحظہ کریں۔ آپ اپنے NYC اسکولز اکاؤنٹ میں ہی NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں اپنے طالب علم کی تفویض کو منسوخ یا اس کا دوبارہ اندراج کروا سکتے ہیں۔ اگر آپ یہ کاغذی فارم استعمال کر کے منسوخ یا دوبارہ اندراج کروانا چاہیں تو پڑھنا جاری رکھیں۔

## اگر آپ کے طالب علم کے پاس NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ نہیں ہے

والدین/سرپرست حضرات کسی اہل طالب علم کے پانچویں گریڈ کا سال ختم ہونے سے قبل کبھی بھی پروگرام میں ان کا اندراج کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ اگر طالب علم نے اپنا پانچواں گریڈ سال مکمل کر لیا ہے تو طالب علم پروگرام میں شرکت، اسکالرشپ کا کوئی فنڈ موصول یا آئندہ انعامات کے لیے اہل **نہیں** ہو سکتا۔

آپ کے ذریعہ دوبارہ اندراج کی درخواست جمع کروا دینے پر، آپ DOE کو درج ذیل معلومات NYC Kids RISE اور ان کے ٹیکنالوجی پارٹنر VistaShare کے ساتھ شیئر کرنے کو منظور کرتے ہیں۔ یہ معلومات NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کے لیے مطلوب ہیں:

- طالب علم کا شناختی نمبر جو پروگرام کے لیے منفرد ہوتا ہے
- پورا نام
- تاریخ پیدائش
- گھر کا پتہ
- آیا گھر کا پتہ تبدیل ہوتا ہے
- گھر کا فون نمبر
- اسکول کا نام
- موجودہ گریڈ سطح
- گھر پر بولی جانے والی زبان (زبانیں)
- NYC پبلک اسکول سسٹم کے اندر اور باہر دونوں جگہ دیگر اسکولوں میں ہونے والی منتقلیاں، اگر کوئی ہوئی ہو

NYC Kids RISE اور VistaShare کو فی طالب علم دو تک والدین/سرپرستوں کے لیے درج ذیل بالغانہ معلومات بھی درکار ہوتی ہیں:

- والدین کا شناختی نمبر جو پروگرام کے لیے منفرد ہوتا ہے
- پورا نام
- ای میل پتہ
- والدین کا سیل اور/یا دیگر فون نمبر

**OFFICE NOTE:** ***Keep all returned Forms in the student's Cumulative Folder indefinitely.***

# NYC Kids RISE کا کالج کے لیے بچت پروگرام
# شرکت کی حالت میں تبدیلی کی معلومات اور فارم

## اگر آپ کے طالب علم کے پاس NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ ہے

والدین/سرپرست کبھی بھی منسوخ کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ اس فارم یا آپ کے طالب علم کے NYC اسکولز اکاؤنٹ کی معرفت منسوخ کرنے کی درخواست آپ کے جمع کرا دینے پر، آپ منظور کرتے ہیں کہ (1) NYC Kids RISE آپ کے طالب علم کا NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ بند کر دے، (2) NYC Kids RISE کے کالج کے لیے بچت پروگرام کے اکاؤنٹ میں آپ کے طالب علم کو مختص کردہ سارے فنڈز ناقابل رجوع طور پر NYC Kids RISE کو واپس کر دے، جس میں کوئی ایسے انعامات اور کمیونٹی اسکالرشپ شامل ہیں جو ہو سکتا ہے آپ کے طالب علم کو مختص کیے گئے ہوں، (3) آپ کے طالب علم کی جانب سے تخلیق شدہ ہر بچت ٹریکر پروفائل کو حذف کر دے، (4) آپ کے طالب علم کے ساتھ وابستہ فائل پر درج ہر بالغ فرد کو اس تنسیخ سے مطلع کر دے اور (5) آپ کے طالب علم کے اکاؤنٹ اور اس کی منسوخی سے متعلق تاریخی ڈیٹا کو NYC Kids RISE کے اندراج کی منسوخی کی پالیسی اور قابل اطلاق قانون کے مطابق اسٹور کرے۔ براہ کرم نوٹ کر لیں: اگر آپ بعد کی تاریخ میں اپنے بچے کا دوبارہ اندراج کروانا چاہتے ہیں تو آپ کے بچے کی آئندہ تفویض $100 ہوگی۔ کوئی سابقہ اضافی فنڈ شامل نہیں کیا جائے گا۔

## کیا آپ کے طالب علم کو منسوخی کے بعد NYC اسکالرشپ پروگرام میں تفویض موصول ہو سکتی ہے؟

آپ کا طالب علم NYC Kids RISE کے کالج کے لیے بچت پروگرام میں اندراج کروانے اور اپنے پانچویں گریڈ کا سال ختم ہونے سے پہلے کبھی بھی طالب علم کے نام سے ایک NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کھلوانے کی درخواست کرنے کا اہل ہے۔ آپ کے ذریعہ دوبارہ اندراج کی درخواست جمع کروا دینے پر، آپ کے طالب علم کی معلومات NYC Kids RISE اور ان کے ٹیکنالوجی پارٹنر VistaShare کے ساتھ شیئر کی جائیں گی۔ آپ کے طالب علم کے لیے ایک NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کھولا جائے گا، آپ کے طالب علم کے لیے $100 مختص کیا جائے گا اور وہ انعامات اور کمیونٹی اسکالرشپس کے لیے اہل ہوں گے۔

---

## شرکت کی حالت میں تبدیلی کا فارم

اہل طالب علم کے والدین یا سرپرست کے بطور، میں NYC Kids RISE کے کالج کے لیے بچت پروگرام کے اسکالرشپ والے حصے میں ان کی شرکت تبدیل کرنا چاہتا ہوں۔

**براہ کرم جو تبدیلی آپ کروانا چاہتے ہیں اس کے لیے باکس کو نشان زد کریں:**

- ☐ میں NYC Kids RISE کے کالج کے لیے بچت پروگرام کے اسکالرشپ والے حصے میں اپنے طالب علم کا اندراج کروانا چاہتا ہوں۔ میں NYC Kids RISE اور ان کے ٹیکنالوجی پارٹنر VistaShare کے ساتھ معلومات شیئر کیے جانے کو منظور کرتا ہوں۔
- ☐ میں NYC Kids RISE کے کالج کے لیے بچت پروگرام کے اسکالرشپ والے حصے میں اپنے طالب علم کی شرکت منسوخ کرنا چاہتا ہوں۔ میں چاہتا ہوں کہ NYC Kids RISE کے کالج کے لیے بچت پروگرام میں میرے طالب علم کے لیے مختص کردہ کوئی پیسہ NYC Kids RISE کو واپس کر دیا جائے گا۔

براہ کرم اپنے طالب علم کے اسکول کے سکریٹری کے پاس جمع کرانے سے پہلے درج ذیل معلومات فراہم کریں۔

**طالب علم کا پورا نام:**
**طالب علم کی باضابطہ کلاس:**
**اسکول کا نام:**
**والدین/سرپرست کا نام جلی حروف میں:**
**والدین/سرپرست کے دستخط:**
**تاریخ:**

**OFFICE NOTE:** ***Keep all returned Forms in the student's Cumulative Folder indefinitely.***